گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 2024/30/7

گورنر HOCHUL اور سینیٹر GILLIBRAND نے لانگ آئی لینڈ برقی گرڈ کے لیے فیڈرل فنڈنگ میں 405$ ملین کا اعلان کیا ہے

اس فنڈنگ سے 1.2 ملین یوٹیلٹی صارفین کے لیے بھروسہ مندی اور پائیداری میں مزید اضافہ ہو گا

گورنر Hochul اور سینیٹر Gillibrand نے آج لانگ آئی لینڈ اور دی راک اویز بھر میں برقی ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹم میں اضافے کے لیے 405$ ملین کی ایک گرانٹ کا اعلان کیا ہے۔ امریکی محکمہ برائے وطن کی سلامتی کی وفاقی ہنگامی انتظامی ایجنسی (Federal Emergency Management Agency, FEMA) خطرات کم کرنے کے گرانٹ پروگرام (Hazard Mitigation Grant Program, HMPG) کے زیرِ انتظام، اس فنڈنگ سے لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی (Long Island Power Authority, LIPA) کے برقی بنیادی ڈھانچے میں اہم اپ گریڈز اور تبدیلیوں کی حمایت کی جائے گی، جس کا مقصد یہ ہے کہ مستقبل کے انتہائی شدید موسمی واقعات کے اثرات میں کمی لائی جائے۔

"ہم ایک قابل اعتماد، پائیدار صاف توانائی والے گرڈ میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں جو انتہائی شدید موسمی واقعات کے اثرات برداشت کر سکتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "Biden انتظامیہ اور کانگریس میں ہمارے شراکت داروں کا شکریہ، کہ اس فنڈنگ سے ہمارے برقی گرڈ کو بہتر بنانے اور نیو یارک کے شہریوں کے لیے بتیاں روشن رکھنے میں مدد کرنے کے حوالے بہتریوں کے اہم اقدامات کیے جائیں گے۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا، "چونکہ نیو یارک اور ملک میں انتہائی شدید موسمی واقعات معمول بنتے جا رہے ہیں، تو ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرنا چاہیئے کہ ہمارا بجلی کا بنیادی ڈھانچہ قابل اعتماد ہو اور خطرات میں کمی لانے کے لیے آراستہ ہو۔ محض چند سال قبل، ہم نے لانگ آئی لینڈ کے برقی گرڈ پر ٹروپیکل طوفان Isaias کے تباہ کن اثرات دیکھے، جس کے نتیجے میں لانگ آئی لینڈ کے نصف ملین سے زیادہ لوگ بجلی سے محروم ہو گئے تھے۔ وفاقی فنڈنگ کی مد میں ان 405$ ملین سے LIPA کے برقی گرڈ میں اہم اپ گریڈز اور تبدیلیاں کی جائیں گی اور مستقبل کے انتہائی شدید موسمی واقعات کے اثرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ مجھے یہ فنڈنگ فراہم کرنے پر فخر ہے اور میں ریاست نیو یارک میں برقی بنیادی ڈھانچے کے قابلِ بھروسہ ہونے کی صلاحیت اور پائیداری کو بڑھانے کی جدوجہد جاری رکھوں گی۔"

FEMA کی خطرات کو کم کرنے والی اعانت سے، لوگوں اور املاک کو درپیش، مستقبل کی آفات سے لاحق طویل مدتی خطرات کم کرنے یا ختم کرنے کے لیے فنڈ فراہم کیے گئے ہیں۔ تخفیف لانے کی منصوبہ بندی میں سرمایہ کاری کرنے سے، تباہی سے ہونے والے نقصان، تعمیر نو اور بار بار ہونے والے نقصانات کا سلسلہ ٹوٹ جاتا ہے، جبکہ ایسے حل لاگو کیے جاتے ہیں جو مستقبل کے واقعات سے تحفظ فراہم کرتے ہوں۔

اضافی فنڈنگ سے LIPA کے لیے ممکن ہو گا کہ وہ اپنے پاور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کے تقریباً 1,376 میل کا احاطہ کرنے والے 166 اوور ہیڈ سرکٹس کو مضبوط بنائیں، جنہیں ٹروپیکل طوفان Isaias کی وجہ سے نقصان پہنچا تھا، جس کے بعد، اگست 2020 میں، 650,000 صارفین بجلی سے محروم ہو گئے تھے۔ مزید برآں، اس فنڈنگ سے LIPA کے لیے ممکن ہو گا کہ اضافی 166 اوور ہیڈ تھری فیز پرائمری سرکٹس مضبوط بنائے جائیں جو طوفان کا

مقابلہ کر سکیں۔ LIPA نے سمندری طوفان Sandy کے بعد FEMA تخفیف فنڈنگ کی مدد سے 339 سرکٹس مکمل کیے تھے۔ ان دو گرانٹس کے درمیان، LIPA 2020 سے لے کر اب تک اپنے 50 فیصد سے زائد ایسے اوور ہیڈ سسٹم مضبوط بنائے گی جو طوفان کا مقابلہ کر سکیں۔

لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی کے قائم مقام چیف ایگزیکٹیو آفس John Rhodes نے کہا، "ہمارے صارفین قابل اعتماد اور پائیدار برقی خدمات کی خواہش رکھتے ہیں اور ان کے حقدار ہیں۔ یہ اضافی فنڈنگ ایک مضبوط پاور گرڈ بنانے کے لیے ہماری جاری کوششوں کو نمایاں طور پر تقویت دے گی اور مستقبل کے موسمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے بہتر طریقے سے لیس ہونا ہمارے لیے ممکن بنائے گی۔ ہم FEMA، کے علاوہ وفاقی حکومت میں اپنے تمام شراکت داروں کی مسلسل حمایت کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی بورڈ آف ٹرسٹیز کی صدر Tracey Edwards نے کہا، "بورڈ آف ٹرسٹیز پُرعزم ہے کہ اپنے صارفین کے لیے سب سے کم طویل مدتی اخراجات کو یقینی بناتے ہوئے صاف، قابل بھروسہ اور سستی توانائی فراہم کی جائے۔ اس خاطر خواہ وفاقی فنڈنگ سے ہم بااختیار ہو جائیں گے کہ اپنے برقی گرڈ میں ضروری اپ گریڈ کر سکیں، تاکہ اس کی پائیداری اور قابلِ بھروسہ ہونے کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔ ہم FEMA کے تعاون کے شکر گزار ہیں اور اس پروجیکٹ کو آگے بڑھانے میں LIPA کے عزم اور کام کے لیے سرشار عملے کی تعریف کرتے ہیں۔"

اس پروجیکٹ کے اہم اجزاء میں شامل ہیں:

- **مضبوط تر یوٹیلٹی پولز:** تقریباً 11,000 یوٹیلیٹی پولز کو زیادہ مضبوط، زیادہ لچکدار کھمبوں سے تبدیل کر دیا جائے گا جو سمندری طوفان والی 135 میل فی گھنٹہ تک چلنے والی ہواؤں کو برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ موجودہ کھمبوں کی بلندی برقرار رکھتے ہوئے یہ کھمبے مضبوط بنیاد کے حامل ہوں گے۔
- **بہتر برقی تار:** 1,281 میل طویل بنیادی تار کو زیادہ پائیدار اور لچکدار متبادل کے ساتھ اپ گریڈ کر دیا جائے گا۔
- **تنگ پروفائل والے کراس آرمز:** درختوں کی ٹہنیوں کے گرنے سے ہونے والا نقصان روکنے کے لیے، 29,000 یوٹیلیٹی کراس آرمز کو چھوٹے، مصنوعی ورژن والے کراس آرمز سے تبدیل کیا جائے گا۔ لکڑی کے بنے ہوئے کراس آرمز کے مقابلے میں، ان کراس آرمز کی کارآمد زندگی 30 سال زیادہ ہوتی ہے۔
- **اضافی افرادی قوت:** اس پروجیکٹ کی چار سالہ تعمیراتی مدت کے دوران تقریباً 100 برقی لائن ورکرز کا اضافہ ہو گا۔ یہ اضافی لائن ورکرز موسم کی شدید صورتِ حالوں کے دوران بجلی کی بحالی میں مدد کریں گے اور مقامی معیشت میں اپنا حصہ ڈالیں گے۔

مجموعی طور پر، اس پروجیکٹ کو مکمل ہونے میں پانچ سال لگیں گے۔

ایک عوامی اتھارٹی کے طور پر LIPA، اپنے صارفین کے لیے طوفان کی بحالی اور موسمیاتی پائیداری کی لاگت پوری کرنے میں مدد کے لیے گرانٹ کے مواقع حاصل کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ گزشتہ دہائی کے دوران، LIPA نے طوفان کا مقابلہ کرنے والی مضبوطی لانے کے لیے متعدد FEMA گرانٹس حاصل کی ہیں، جن میں Superstorm Sandy (2012) اور Tropical Storm Isaias (2020) سے بحالی حاصل کرنا شامل ہے۔ ان گرانٹس سے صارفی اخراجات میں $2.3 بلین کی خاطرخواہ کمی آئی ہے۔ FEMA کے ذریعے فراہم کردہ مالی اعانت سے کی گئی تخفیف کی کوششیں مؤثر ثابت ہوئی ہیں، جن میں طوفان کا مقابلہ کرنے والے مضبوط بنائے گئے سرکٹس نے انتہائی شدید موسمی واقعات کے دوران تخفیف کے لیے غیر تیار شدہ سرکٹس کے مقابلے میں 50 فیصد بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

لانگ آئی لینڈ فیڈریشن آف لیبر AFL-CIO کے صدر John R. Durso نے کہا، "لانگ آئی لینڈ بحر اوقیانوس کا ایک ایسا جزیرہ ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اگلے محاذ پر واقع ہے۔ لانگ آئی لینڈ کے لیے یہ وفاقی فنڈنگ اہم ہے۔ ہمارے برقی گرڈ کے قابلِ بھروسہ ہونے کی صلاحیت اور پائیداری کو بڑھانا ایک بہتر اور روشن مستقبل کے لیے بہت ضروری ہے تاکہ اس کے نتیجے میں مستحکم بجلی اور اچھی تنخواہ والی یونین کی ملازمتیں فراہم کی جائیں۔ ہم گورنر Hochul، اکثریتی لیڈر Schumer، اور سینیٹر Gillibrand کی قیادت اور ان فنڈز کے حصول میں ان کے تعاون پر ان کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیں گے۔"

IBEW 1049 بزنس مینیجر Pat Guidice نے کہا، "یہ اہم فنڈنگ لانگ آئی لینڈ کے برقی بنیادی ڈھانچے کی مسلسل مضبوطی قائم رکھنے کے لیے بہت ضروری ہے، جو اسے اس شدید موسم کے خلاف مزید مضبوط بنائے گی، جس کا ہم سامنا کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ، اس سے تربیت یافتہ ماہرین کے لیے مزید ملازمتیں پیدا ہوں گی جو ہماری مقامی معیشت کو فروغ دینے کے علاوہ گرڈ کو چلانے کے لیے بہت ضروری ہیں۔ IBEW لوکل 1049 کو ہنرمند یونین لیبر کے ساتھ تعاون کرنے پر فخر ہے، جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ یہ کام محفوظ اور مؤثر طریقے سے کیا جائے۔ یہ اہم سرمایہ کاری یقینی بنانے پر ہم اپنے قائدین کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں